لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۴۱ھ مطابق ۳۰ اپریل ۱۹۲۳ء	نمبر ۱۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منتقلی دیہات تحصیل سوار بہ تحصیل ٹانڈہ	۱ و ۲
۲	در بارۂ تحریری اطلاع صاحبان سکرٹری بہادر وقت روانگی بکار سرکار	۵
۳	اضافہ منشی [illegible] ڈپٹی ڈائرکٹ	〃
۴	اضافہ اہلمد صدر	〃
۵	رخصت تحصیلدار صاحب ملک	〃
۶	اضافہ فیس عہدہ امتیاز علی کوک پولیس	〃
۷	تبادلہ نقشہ نویس ملک ودفتر نظامت	〃
۸	باجمعہ مقدمات جرم دیہات منتقلہ	〃
۹	عطائے اختیارات بہ تحصیلدار صاحب شاہ آباد	〃
۱۰	نقشہ رخصتانہ اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۸ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے حسب منشائے صاحب ریونیو سکرٹری بہادر ۲۰ دیہات تحصیل سوار سے علیحدہ ہوکر شامل تحصیل ٹانڈہ کیے جائیں اور بشرط آئندہ سب تحصیل تحصیل ٹانڈہ پوری تحصیل قرار دیجاوے اور منشی قاعلیجان سب منصرم تحصیل ٹانڈہ تحصیلدار بمشاہرہ اسی روپیہ ماہوار مقرر ہوں اور ایک سیاہہ نویس بمشاہرہ چودہ روپیہ ماہوار مقرر کیا جائے کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض جناب عالی میرساند

تحصیلات ریاست کی مالگذاری اور تعداد دیہات حسب ذیل ہے

نام تحصیل	حضور تحصیل	ملک	شاہ آباد
تعداد دیہات	۲۵۴	۲۰۵	۲۱
مالگذاری	[illegible] ۳ / ۹	[illegible] ۵ / ۱	[illegible] ۱۵ / ۲

نام تحصیل	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ
تعداد دیہات	۲۳۹	۱۹۹	۶۸
مالگذاری	[illegible] ۲ / ۸	[illegible] ۱۲ / ۶	[illegible] ۱۱ / ۵

اور ہر تحصیل کے عملہ کی حالت یہ ہے۔

نام تحصیل — تحصیلدار — جلیلہ — نقشہ نویس — سیاہہ نویس — محرر مال — قرق امین — تحصیل نویس — محرر سرسری — جمعدار — قانونگو — نائب — جمعدار گرداور — محرر جونیر — تحصیل سرسری

حضور تحصیل	یک	یک	یک	یک	یک	یک	یک	دو	دو	یک	.	یک
ملک	یک	یک	یک	یک	یک	یک	یک	یک	دو	یک	یک	.
شاہ آباد	یک	یک	یک	.	یک	یک	یک	یک	دو	یک	یک	.
سوار	یک	یک	یک	.	یک	یک	یک	یک	دو	یک	یک	.
بلاسپور	یک	یک	یک	.	یک	یک	یک	یک	دو	یک	.	.
ٹانڈہ	یک	.	یک	.	.	یک	یک	.	یک	یک	.	.

تحصیل سوار میں تھوڑے عرصہ سے ویرانی دیہات کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے جو برابر بڑھتا جاتا ہے خصوصاً تحصیل سوار کا وہ حصہ جسکو نقشہ میں سُرخ رنگ سے دکھایا گیا ہے اور اون میں (۸۸) دیہات ہیں جنکے وسائل آبپاشی نہایت عمدہ ہیں یعنی نہر بہنا کی پختہ ڈام سے آبپاشی ہوتی ہے اور پیداوار کے اعتبار سے بھی یہ حصہ بہت اچھا تھا مگر اب دس بارہ برس کے عرصہ سے بتدریج ویرانی بڑھتی جاتی ہے۔
اب اون دیہات کی حالت ابتر اور توجہ طلب ہے اگر اس جانب توجہ نہیں کیگئی تو تھوڑے عرصہ کے بعد یہ علاقہ بھی مثل علاقہ بھکڑا یا تحصیل بلاسپور بالکل ویران اور بے چراغ ہو جائیگا۔ اور پھر اوسوقت اوسکا آباد کرنا نہایت اہم ہوگا چونکہ تحصیل سوار میں واقع ہے مگر ایکجانب علاقہ تحصیل ٹانڈہ ملا ہوا ہے اور دوسری جانب علاقہ انگریزی ہے یعنی تحصیل سوار کے دیہات سے کسی جگہ الحاق نہیں ہے اور درمیان میں کوسی حائل ہونیکی وجہ سے اہالیان تحصیل سوار اپنی پوری توجہ اس جانب منعطف نہیں کر سکتے۔ علاوہ ازیں تحصیل سوار میں ایک حصہ علاقہ کا اور بھی ہے جسکو نقشہ میں زرد رنگ سے دکھایا گیا ہے۔ یہ زرد رنگ کا اور نیز سرخ رنگ کا علاقہ دونوں دریائے کوسی کے پار واقع ہیں جسکی وجہ سے مزارعان کو تحصیل میں آمد و رفت کیلئے سخت دشواری و پریشانی اوٹھانا پڑتی ہے خصوصاً موسم برسات میں ان ہر دو حصہ جات مذکورہ بالا میں بمشکل جا سکتے ہیں۔ چونکہ ابھی ان دیہات پر لفظ غیر آباد صادق نہیں آیا ہے اور کچھ کچھ آبادی موجود ہے اسلئے موجودہ خرابی رفع کرنے اور آیندہ حالت سنبھال لینے کے خیال سے وزیر بنشار بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم کے موافق ضرورت اس امر کی معلوم ہوتی ہے (۲۱) دیہات حصہ سرخ اور (۱۶) دیہات حصہ زرد و جملہ (۳۷) دیہات جنکی مالگذاری کی تعداد مع ابواب وغیرہ [illegible] سالانہ ہے تحصیل سوار سے علیحدہ کرکے تحصیل ٹانڈہ کے متعلق کردیجائیں اور تحصیل ٹانڈہ کو پوری تحصیل قرار دیکر منشی فدا علیخان منصرم تحصیل ٹانڈہ کو عہدہ تحصیلداری مرحمت فرمایا جائے اونکی موجودہ تنخواہ حسب ذیل ہے

تنخواہ	الاونس	کل	آیندہ بحیثیت تحصیلدار
[illegible]	[illegible]	[illegible]	

ٹانڈہ سرپرست اونکو سی روپیہ ماہوار تنخواہ مرحمت ہوا کرے اور اونکو پورے طور پر ذمہ دار کردیا جائے کہ یہ سرخ علاقہ جو تحصیل سوار سے علیحدہ کرکے ٹانڈہ میں شامل کیا جاتا ہے اوسکی آبادی اور سرسبزی کیجانب خاص طور پر توجہ رکھیں اور اوسکی بہبودی کے جو وسائل مناسب سمجھیں اونکی متعلق وقتاً فوقتاً احکام حاصل کرتے رہیں اگر اونہوں نے کوشش کرکے اس علاقہ کیحالت روبترقی کردے تو کچھ علاقہ حضور تحصیل جو ٹانڈہ سے قریب اور رامپور سے فاصلہ پر واقع ہے وہ بھی شامل تحصیل ٹانڈہ ہونیکی تحریک اور تنخواہ کی تکمیل کے متعلق عرض کیا جائیگا۔ (۳۷) دیہات مندرجہ بالا تحصیل ٹانڈہ میں شامل ہوجانے کے بعد آیندہ اس تحصیل کے دیہات کی تعداد (۱۰۵) ہوجائیگی اور مالگذاری کی تعداد [illegible] ہوجائیگی۔ اور چونکہ تحصیل ٹانڈہ میں عملہ کافی موجود ہے اسلئے سوائے اسکے کہ ایک سیاہہ نویس بمشاہرہ چودہ روپیہ ماہوار جدید مقرر کیا جائے اور کسی قسم کا صرف زائد برداشت نہ کرنا پڑیگا۔ تحصیل سوار سے یہ علاقہ علیحدہ ہو جانیکے بعد تحصیل سوار میں (۱۶۲) دیہات رہجائیں گے اور مالگذاری کی تعداد [illegible] رہجائیں گے۔ نقشہ عکسی نقشہ مالگذاری

جملہ تفصیلات مفصل شامل ہین امیدوار کہ بعد ملاحظہ عرضداشت ہذا حسب معروضہ بالا منظوری صادر فرمائی جاوے - زیادہ ادب

عرضی

تر تنخواہ دستخط عبدالمجید خان ریونیو سکریٹری
معروضہ ۵ اپریل ۱۹۲۳ء

نقل حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

ایک ایک نقل عرضداشت اجلاس ہذا و حکم اجلاس ہمایون و فہرست دیہات اطلاعاً خدمت مین صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر و صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون اور ایک ایک نقل ناظم صاحب حاکم صاحب صاحب مہتمم بندوبست و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کی اجلاس مین بھیجی جاوے اور ایک ایک نقل سررشتہ دار صاحب صدر و تحصیلدار سوار و تحصیلدار صاحب ٹانڈہ و واصلباقینویس صدر و محافظ دفتر صدر کے پاس مرسل ہو - اور لکھا جاوے کہ عملدرآمد اس حکم کا یکم مئی ۱۹۲۳ء سے حسب صراحت تحت کیا جاوے -

(۱) تحصیلدار صاحب ٹانڈہ اپنے رجسٹرار قانون گو و گرداور قانون گو کو مع رجسٹران متعلقہ جنکی فہرست دستخطی صدر قانون گو شامل کاغذات ہذا ہے ۱۸ اپریل کو تحصیلدار صاحب سوار کے پاس بھیجدین اور ہدایت کردین کہ اسی تاریخ شام تک ضرور سوار پہونچ جاوین اور اسی طرح مہتمم بندوبست صدر قانون گو کو بھی ۱۸ اپریل کی شام تک سوار پہونچ جانیکی ہدایت کردین تاکہ ۱۹ اپریل سے صدر قانون گو تحصیل سوار کے ہر رجسٹر سے ان دیہات کے اندراجات کا خارج اور تحصیل ٹانڈہ کے رجسٹر مین اندراج کا کام شروع کرادین - صدر قانون گو یہ اندراج بنایت صحت اور احتیاط سے خاص اپنی نگرانی مین کراکر ۲۳ اپریل تک یہ کام ختم کردین اور بستہ جات ان دیہات کے تحصیل ٹانڈہ کو روانہ کرادین - تحصیل سوار کے جملہ رجسٹرون سے جو خارج ہو وہ سرخ روشنائی سے کیا جاوے اور اسپر تحصیلدار صاحب سوار و صدر قانون گو اسپنے اپنے دستخط بقید تاریخ کردین اور تحصیل ٹانڈہ کے رجسٹرون مین مراتب خارج شد تحصیل سوار کے ایزادی کراکے صدر قانون گو مع اون رجسٹرون خود ٹانڈہ جاوین اور بستہ جات محافظ خانہ تحصیل ٹانڈہ مین بحفاظت رکھوا کر ہر رجسٹرون کے اندراجات تحصیلدار صاحب ٹانڈہ کو دکھلا کر اُن پر بھی اپنے اپنے دستخط اور تحصیلدار صاحب ٹانڈہ کے دستخط کرالوین اور ایک نقشہ تفصیلی ان دیہات کی بابت کہ کن کن رجسٹرون سے اخراج کیا گیا اور کن کن مین اندراج ہوا مرتب کرکے شمول مثل کیواسطے اپنی رپورٹ کے ذریعہ سے ہمارے اجلاس مین بھیجدین - اس نقشہ پر ہردو رجسٹران سوار و ٹانڈہ و دونون تحصیلات کے رجسٹرار قانون گوی و گرداور قانون گو سے کے دستخط ہونا چاہئین -

(۲) واصلباقینویسان سوار و ٹانڈہ ۲۰ اپریل کو مع اون رجسٹران متعلقہ کے جنکے فہرست واصلباقینویس صدر نے شامل کاغذات ہذا کردی ہے سررشتہ واصلباقینویس صدر مین بمقام رامپور حاضر ہو جاوین اور واصلباقینویس صدر اپنے سامنے تحصیل سوار کے ہر رجسٹر سے اون دیہات کے حسابات و مطالبات کا خارج اور تحصیل ٹانڈہ کے ہر رجسٹر مین اندراج کراکر اپنے دستخط کردین اور مثل صدر قانون گو تفصیلی نقشہ مرتب کرکے بقید دستخط خود و واصلباقینویسان سوار و ٹانڈہ بغرض شمول مثل پیش کرین اور ہردو واصلباقینویسان مذکور کو ۲۲ اپریل تک واپس تحصیلات متعلقہ کردین -

(۳) تحصیلدار صاحب سوار ان دیہات کے متعلق جسقدر مقدمات سرسری و خلجاج و متفرقات کے ہون اونکو حتی المقدور آخر اپریل تک ختم کردین یا اگر کوئی معاملہ ختم نہو سکے تو اوسکی مثل یکم مئی کو تحصیل ٹانڈہ مین منتقل کردین اور ایسے منتقل شدہ مقدمات کی مفصل فہرست ہماری اجلاس مین ملاحظہ کیلئے بھیجدین - اگر کسی مقدمہ سرسری مین کچھ کارروائی تحصیل سوار مین ہو چکی ہو تو ایسے مقدمات تحصیل ٹانڈہ کو منتقل نکیے جاوین بلکہ سوار ہی مین اونکا فیصلہ کیا جاوے - ٹانڈہ کو وہ مقدمات سرسری بھیجے جاوین جنمین کوئی کارروائی شروع نہوی ہو -

(۴) سررشتہ دار صاحب صدر محافظ خانہ کے رجسٹرون مین خارج و داخل دیہات کا عمل بصحت کرادین اور بستہ جات دیہی بھی تحصیل سوار سے تحصیل ٹانڈہ کو منتقل کرادین اور اہلکاران صدر سوار و ٹانڈہ کو اس امر کی اطلاع دیدین اور نیز ایک نقل حکم مع فہرست دیہات گزٹ مین طبع کرادین اور بعد تعمیل ہدایت مندرجہ بالا مفصل رپورٹ ہمارے اجلاس مین بھیجدین - برائے شمول مثل متعلقہ -

(۵) چونکہ ٹہیکہ جات متفرق از قسم محصول جواز - لاکہ درختان - کاہ بوار وغیرہ میعادی یکسال اسوقت تک بلحاظ حدود و پرگنہ تحصیل سوار مین ہوچکی ہین اونکے متعلق سال رواں مین تفریق جمع وغیرہ کی ضرورت نہین ہے - سال رواں مین اونکا اندراج بدستور تحصیل سوار مین رکہا جائے - آئندہ سے اونکا بند وبست جدید باعتبار اپنے اپنے پرگنہ کے حدود ار ضی کے ہوجائیگا -

(۶) سال رواں کے کسی رجسٹر دفتر صدر قانون گو یا دفتر واصلباقی نویس مین ردیف کے لحاظ سے نمبر شکنی کی ضرورت نہین ہے بلکہ تحصیل سوار کے رجسٹرون کی جو خارج کیا جائے وہ تحصیل ٹانڈہ کے رجسٹرون مین آخر زیر میزان ردیف وار ایزاد کر کے دوسری میزان کل کی لگادی جائے اور سال آئندہ جب نئے رجسٹر مرتب ہون تو ردیف وار سلسلہ درست کر لیا جائے -

(۷) دیہات ہذا مین سے بعض منقضی المیعاد و بعض کے خام کی درخواستین ہین اونکو تحصیلدار صاحب ٹانڈہ بخوبی دیکہ لین اور چل پہر کر پورے معلومات حاصل کرلین تاکہ بہنگام تشخیص جمع مالگذاری نیلام کے وقت جو مراتب اون سے دریافت کیئے جائین اونکی مکمل جوابات مل سکین - تحصیلدار صاحب سوار ایک فہرست ان دونون قسم کے دیہات کی تحصیلدار صاحب ٹانڈہ کے پاس بہیجدین -

(۸) سیاہہ نویس ٹانڈہ کیلئے ناظم صاحب کسی سیاق دان امیدوار کو تجویز کر کے جلد پیش کرین تاکہ وہ یکم مئی ۱۹۲۳ء سے خدمات متعلقہ انجام دیسکے -

(۹) چونکہ اس تغیر تبدل کا عملدرآمد یکم مئی ۱۹۲۳ء سے ہوگا - اسلئے تحصیلدار ٹانڈہ اسی روپیہ ماہوار تنخواہ بہی یکم مئی ۱۹۲۳ء سے پائینگے - نقل حکم اجلاس ہمایون بابت اضافہ تنخواہ تحصیلدار ٹانڈہ و تقرر جدید سیاہہ نویس بذریعہ انتخاب حکم ہذا بخشی صاحب کے پاس عملدرآمد کیلئے بہیجدیا جائے

(۱۰) ایک نقل مع فہرست دیہات بغرض اطلاع صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری صاحب صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کی خدمت مین بہی بہجوادیا جائے - اور ایک نقل مع فہرست صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و انہار کی خدمت مین بہیجی جائے بقیہ سکریٹری صاحبان کو اندراج گزٹ کے ذریعہ سے اطلاع ہوجائیگی -

(۱۱) یہ دیہات سر سبزی و آبادی کے لحاظ سے سپرد تحصیل ٹانڈہ کیئے جاتے ہین اسلئے تحصیلدار صاحب ٹانڈہ کو لکہا جائے کہ اس علاقہ کی آبادی کیجانب اور اسکو سرسبز شاداب بنانیکے متعلق خاص طور پر توجہ رکہین اور اپنی محنت و کوشش سے اس علاقہ کو جلد آباد کرین تاوقتیکہ اس علاقہ کے متعلق نتیجہ خیز مراتب تحصیلدار صاحب ٹانڈہ عملاً ثابت نہ کردکہائینگے بقیہ تکمیل متعلق دیہات حضور تحصیل تنخواہ تحصیلدار صاحب کے بابت تجویز نہین ہوگی -

(۱۲) سررشتہ دار صاحب صدر اپنی نگرانی مین احکام جاری کرادین

فہرست دیہات تحصیل سوار کے علیحدہ ہوکر شامل تحصیل ٹانڈہ ہونگے

نمبر شمار	نام موضع	جمع مالگذاری مع بوریہ	نمبر شمار	نام موضع	جمع مالگذاری مع بوریہ
۱	سیرکاٹی ہرپاپور	[illegible]	۱۹	پاک گنڈیسری	[illegible]
۲	سیرکاٹی کونڈیسری	[illegible]	۲۰	امرتا مع اکبرآباد	[illegible]
۳	کونڈیسری	[illegible]	۲۱	لوہراکوسی پار	[illegible]
۴	کونڈیسرا	[illegible]	۲۲	جیٹپورہ	[illegible]
۵	محبت نگر کوسی پار	[illegible]	۲۳	نرائن پور	[illegible]
۶	راجپور دمن	[illegible]	۲۴	ملک نرائن پور	[illegible]
۷	پربت پور	[illegible]	۲۵	چکسنترک تہل	[illegible]
۸	نیاگاؤن	[illegible]	۲۶	سنترک تہل	[illegible]
۹	اکبرآباد	[illegible]	۲۷	تہل چک	[illegible]
۱۰	جمال گنج	[illegible]	۲۸	لالپور	[illegible]
۱۱	احمدآباد عرف تیلی پور	[illegible]	۲۹	اراضی سواکٹیرہ	[illegible]
۱۲	سورج پور	[illegible]	۳۰	ملک لالپور	[illegible]
۱۳	راجپورہ مع تیلی پورہ	[illegible]	۳۱	سواکٹیرہ جدید سرمحال	[illegible]
۱۴	کھانڈی کھیڑہ	[illegible]	۳۲	سوانہ	[illegible]
۱۵	احمدنگر عرف سینڈیان گنگا	[illegible]	۳۳	سیتہلا	[illegible]
۱۶	بھائی کھیڑہ	[illegible]	۳۴	ملک سیتہلا	[illegible]
۱۷	شمس آباد عرف کھیڑہ	[illegible]	۳۵	گجہوی پورہ	[illegible]
۱۸	چوکنڈی	[illegible]	۳۶	ڈکپورہ مع کل زمینات	[illegible]
			۳۷	کبتہولہ	[illegible]
				میزان کل	[illegible]

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم واقع ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

صاحبان سکریٹری بہادر جب بکار سرکار یا رخصت پر باہر جائین تو ضرورت ہے کہ اپنے اڈریس سے اور مدت قیام بیرونجات سے صاحب چیف سکریٹری بہادر کو ذریعہ تحریر اطلاع دیدیا کرین۔

۲۔ اُنکے زمانہ غیر موجودگی مین اُنکے دفتر کا کام کس سکریٹری سے متعلق رہیگا اُسکی تحریری اطلاع بھی آنا چاہیے۔

حکم ہوا کہ

اس روبکار کی نقلیں جملہ صاحبان سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۳ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر۔ دس روپیہ ماہوار منشی الطاف احمد اوور سیر سرشتہ آبپاشی کی تنخواہ مین (جو اُنکے لڑکے کی تعلیم کے واسطے ملتے تھے) بوجہ ملازمت دیرینہ اضافہ فرمائے گئے۔

۲۴ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔ حاجی احمد علی معاون محصلدر کی تنخواہ موجودہ مین پانچروپیہ ماہوار اضافہ ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء سے منظور فرمایا گیا

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

حسب منشاء حکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔ مزید رخصت یکماہ منشی محمد جمیل خانصاحب تحصیلدار ملک بانتظام موجودہ بوجہ علالت دختر صاحب موصوف منظور کی گئی۔

اضافہ مع عہدہ

۲۵ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر۔ ممتاز علی کلرک مشاہرہ دار کو دیڑھ روپیہ ماہوار وردی الاونس کا تقرر بجای یوسف علیخان ہیڈ کانسٹبل تنزل شدہ با ضافہ تین روپیہ ماہوار عہدہ کانسٹبلی منظور کیا گیا۔ آیندہ الاونس نہین ملیگا۔

تبادلہ

۲۳ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تحریر ناظم صاحب۔ عظمت اللہ خان تحصیل نویس تحصیل ملک کا تبادلہ فرزند علی نظامت سے منظور کیا گیا اور نظامت کے کام کی وجہ سے جو اضافہ فرزند علی پاتا تھا آیندہ نہین ملیگا

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۳ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

چونکہ حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم محکومہ ۱۰ اپریل سنہ حال ۲۰ دیہات تحصیل سوار سے علیحدہ ہوکر شامل تحصیل ٹانڈہ ہوگئے اور ان دیہات کی فہرست بھی بذریعہ تحصیل ٹانڈہ مال سے بھیجی ہوگی۔ لہذا منصف و صاحب مجسٹریٹ پرگنہ سوار کو لکھا جائے کہ ان دیہات کی بابت جو مقدمات صیغہ فوجداری و دیوانی اگر عدالت مذکور مین دائر ہون تو ان کا فیصلہ حسب ضابطہ وہ خود کرین ورنہ انکے انتقال مین طوالت کا باعث ہوگا آیندہ ان دیہات کی مقدمات صیغہ فوجداری و دیوانی عدالت پرگنہ ٹانڈہ مین سماعت ہوا کرین گے

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

عطائے اختیارات

۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب صدور حکم اجلاس ہمایون منشی یوسف علیخان صاحب تحصیلدار شاہ آباد کو عارضی اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول دفعتاً چھ ماہ کیواسطے عطا کیے گئے۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۳ لغایت ۲۹ اپریل ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۵ ہر		۸ ہر		۵ ہر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		۱۴ ہر		۱۳ ر ہر		۱۳ ہر	
نخود کتہ آمیز		۱۱ ہر		۱۵ ہر		۱۴ ہر	
کتہ		۱۶ ہر		۱۵ ہر		۱۵ ہر	
ماش		۷ ہر		•		۸ ہر	
مونگ		•		•		۸ ہر	
مکا		•		۷ ر ہر		•	
جئی		۱۴ ہر		۱۰ ہر		۱۹ ہر	
گوجئی				۸ ہر		۱۲ ہر	
عدس		۱۱ ہر		۱۵ ہر		۱۳ ہر	
ارہر		•		•		۱۲ ہر	
برنج		۳ ہر		۷ ہر		۷ ہر	
روغن زرد		۲ چھٹانک		ـ ر ر ہر		ـ ر ر ہر	
روغن سیاہ		۱ ر ہر		۲ ر ہر		۱ ہر	
روغن کنجد		۱ ہر		۳ ہر		۱ ہر	
نمک سانبھر	—	۶ ہر		۶ ہر		۲ ر ہر	
نمک لاہوری		۷ ہر		۵ ہر		۶ ہر	
قند سیاہ		۲ ہر		۲ ہر		۵ ہر	
باجرہ							

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور